اس طرح کے وسیع الافق کام وہ دوسروں کے لیے چھوڑ دیں۔

رودادِ سفرِ حرم از مولانا عبدالحلیم قاسمی۔ ناشر: جامعہ حنفیہ قاسمیہ، گلبرگ ۲ - لاہور
قیمت: ۵/- روپے

فاضل مؤلف اُن خوش نصیبوں میں سے ہیں جو حج و زیارتِ حرمین سے بہرہ ور ہوتے ہیں۔ اس چھوٹی سی کتاب میں کچھ حصّہ واقعاتی سفرنامے کا ہے جس کے پڑھنے سے آئندہ کے عازمین حج کو فائدہ ہوگا۔ علاوہ ازیں مسائل و مناسک اور مختلف مواقع کی دُعائیں مع ترجمہ شاملِ تالیف ہیں۔ مزید یہ کہ ۵۰ احادیث مبارکہ مع ترجمہ پیش کی گئی ہیں۔ آخر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نسبی و طہری رشتوں کا بیان ہے۔ یہ سارے مندرجات بہت مفید ہیں۔

افضل کون؟ سارہ یا ہاجرہ مؤلف: ڈاکٹر احسان الحق رانا۔ ادارۂ تحقیق مذاہب، گلبرگ۔ لاہور۔ ناشر: اسلامی مشن سنت نگر۔ لاہور۔ قیمت: درج نہیں۔

ڈاکٹر احسان الحق رانا صاحب کے نام اور کام کا تعارف ان اوراق میں کرایا جاچکا ہے۔ وہ عیسائی مشنریوں کے تبلیغی محاذ کے مقابلے پر اپنا مورچہ جمائے ہوئے ہیں۔ عیسائی پروپیگنڈا یہ ہے کہ جناب سارہؑ حضرت ابراہیمؑ کی اہلیہ تھیں اور جناب ہاجرہؑ ایک لونڈی۔ پھر مزید دلائل سے وہ ثابت کرتے ہیں کہ جناب سارہ افضل تھیں، لہٰذا اُن کی اولاد (آلِ اسحٰق) بھی افضل ہے۔

مشنریوں کے گھڑے ہوئے اس طومار کے خلاف ڈاکٹر رانا نے بائیبل کے حوالوں سے ثابت کیا ہے کہ جناب ہاجرہؑ کو شرف و فضیلت حاصل تھی۔

مکتوبِ لطیف فی حجیتِ حدیث مؤلف چوہدری محمد سرفراز خاں۔ کالرہ کلاں ضلع گجرات
قیمت درج نہیں۔

چوہدری سرفراز خاں کی تحریروں پر مطبوعات کے صفحات میں پہلے بھی لکھا جاتا رہا ہے۔ درد مند